فوری ریلیز کے لیے: 26/2/2023 گورنر **KATHY HOCHUL**

# ***گورنر HOCHUL، سینیٹ کے اکثریتی رہنما SCHUMER، اور MTA کے صدر اور CEO LIEBER نے پیر، 27 فروری کو گرینڈ سینٹرل میڈیسن تک فل اسکیل لانگ آئی لینڈ ریل روڈ سروس کے آغاز کا جشن منایا ہے***

***سینیٹ کے اکثریتی رہنما Schumer نے گرینڈ سینٹرل میڈیسن میں ایک تقریب میں گورنر Hochul اور MTA کے صدر اور CEO Lieber کے ساتھ شمولیت اختیار کی تھی۔***

***نئے LIRR نظام الاوقات جو کل سے کارآمد ہوں گے ان سے ایامِ کار کی سروس میں 41 فیصد اضافہ ہو گا***

***LIRR سروس کی سب سے بڑی توسیع جس میں مصروف ترین اوقات میں ہر تین منٹ بعد مینہیٹن ٹرمینلز تک آمد/روانگی کی ٹرینز چلائی جائیں گی***

***نئے شیڈول کے نفاذ کے ساتھ کل سے کومبو ٹکٹ دستیاب ہو گا***

***ٹرین ٹائم ایپ کے ذریعے اور MTA کی ویب سائٹ پر شیڈولز دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul، سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer اور MTA کے صدر اور CEO Janno Lieber، نے وفاقی اور مقامی منتخب عہدیداروں کے ساتھ آج گرینڈ سینٹرل میڈیسن کی مکمل لانگ آئی لینڈ ریل روڈ سروس کے سرکاری افتتاح کا جشن منایا ہے جو کل، پیر، 27 فروری سے شروع کی جا رہی ہے۔ نئے نظام الاوقات خدمت کی سطح میں تاریخی اعتبار سے 41 فیصد تک اضافہ کرتے ہیں اور مشرقی مڈ ٹاؤن تک براہ راست رسائی فراہم کرتے ہیں، جو ملک میں ملازمت کا سب سے بڑا مرکز ہے، جوزیادہ کثرت سے، قابلِ اعتماد خدمت فراہم کرتا ہے، جس میں کوئینز اور بروکلین، اور پورٹ جیفرسن اور رونکونکوما کی برانچز میں پہلی بار واقعتاً آنے جانے کی دو رویہ مصروف ترین سروس شامل ہے۔

"گرینڈ سینٹرل میڈیسن، عوامی نقل و حمل کا ایک کارنامہ ہے جو سفری چکروں کو مختصر کر دے گا، اور مسافروں کو مزید وقت ملے گا کہ وہ اپنی مصروف زندگیوں میں سے اپنے خاندانوں، دوستوں اور برادریوں کے ساتھ وقت گزار سکیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "گرینڈ سینٹرل میڈیسن سروس میں ڈرامائی طور پر توسیع کرے گا اور مسافروں کے لیے زیادہ قابل اعتماد طریقے سے کام کرے گا اور پینسلوانیا اسٹیشن پر ہجوم میں کمی آئے گی۔ سینیٹر Schumer اور نیویارک کانگریس کے وفد کے ساتھ ہماری مسلسل شراکت داری کی بدولت، ہم نیویارک کے شہریوں کے لیے محفوظ اور مؤثر سرکاری آمدورفت کو مسلسل جاری و ساری رکھیں گے۔"

نئے نظام الاوقات میں روزانہ 271 LIRR ٹرینوں کا اضافہ ہوتا ہے اور LIRR کے پورے سسٹم میں روزانہ 936 ٹرینوں تک اس سروس کو بڑھا دیا جاتا ہے، جن میں گرینڈ سینٹرل میڈیسن آنے یا جانے والی 296 ٹرینیں ہوں گی۔ جزوی طور پر USDOT کے ذریعے فنڈ کیا گیا، یہ گرینڈ سینٹرل میڈیسن پروجیکٹ، دو دیگر اہم LIRR کیپٹل پروجیکٹس کے بعد آیا ہے: دی ڈبل ٹریک پروجیکٹ، جس میں فارمنگ ڈیل اور رونکونکوما کے درمیان 13 میل لمبا ٹریک نصب کیا گیا تھا؛ اور دی تھرڈ ٹریک پروجیکٹ، جس میں فلورل پارک اور ہکس ول کے درمیان 9.8 میل لمبا تیسرا ٹریک نصب کیا گیا تھا۔ نسل در نسل ان سرمایہ کاریوں کی مدد سے گنجائش میں پیدا ہونے والی بعض رکاوٹیں

دور ہو گئی تھیں، جس کے نتیجے میں یہ ممکن ہوا کہ ریل روڈ سروس میں اضافہ کیا جائے اور کئی دہائیوں بعد پہلی بار نظام الاوقات کو جامع طور پر دوبارہ لکھا جائے۔

**سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer نے کہا،** "ہم آج یہاں اس لیے موجود ہیں کیونکہ ایسٹ سائڈ ایکسیس ٹرین واقعی اسٹیشن سے نکلنے والی ہے — ہالیلوجاہ۔ آمد و رفت والے کئی لاکھوں مسافر اب سکون کا سانس لے سکتے ہیں۔ مشرقی جانب کام کرنے والے ہزاروں اور لاکھوں افراد کو آخر کار وہ سہولت حاصل ہوئی ہے جس کی انہیں خواہش تھی۔ دیکھیں، میں یہاں بڑی حد تک ایسٹ سائڈ اسیس کے سفر کے لیے آیا ہوں - جو مجموعی طور پر 2.7$ بلین ہیں۔ یہاں تک کی مسافت طے کرنے کے لئے مجھے یہ سب کچھ حاصل ہوا ہے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ ملک اور NY کے لیے - ٹرانزٹ فنڈنگ حاصل کرنا کتنا مشکل ہے۔ گیٹ وے جیسے دوسرے ٹرانزٹ پروجیکٹس کے ساتھ مل کر، NY ٹرانزٹ ایک ایسا ہیرا ہے جس کی تراش خراش کی جا رہی ہے تاکہ وہ کرسلر عمارت کی چوٹی کی طرح چمک دمک دکھا سکے، اور اس کا وقت اب آنے والا ہے۔ میں گورنر Hochul، MTA اور ہر ایک کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے آج ٹرانزٹ کی یہ تاریخ رقم کرنے میں مدد کی ہے۔"

**MTA کے صدر اور CEO Janno Lieber نے کہا،** "تیز تر سروس اور مزید ٹرینیں شامل کرتے ہوئے نیویارک شہر کے دل کو لانگ آئی لینڈ کے شہریوں اور کوئینز کے رہائشیوں کے قریب لانے میں مدد حاصل ہو گی، اور دو رویہ سفر میں اضافہ لانگ آئی لینڈ کے آجروں کے لیے ایک برمحل ہدف ثابت ہو گا تاکہ وہ ہنرمندی کے ایک بڑے میدان میں قدم رکھ سکیں۔ یہ ہر طرح فائدہ ہی فائدہ ہے۔"

**لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کی عارضی صدر اور میٹرو نارتھ ریل روڈ کی صدر Catherine Rinaldi نے کہا،** "LIRR کو اپنے صارفین کو زیادہ باقاعدگی سے سروس اور زیادہ پائیداری فراہم کرنے پر بہت خوشی ہے۔ گرینڈ سینٹرل میڈیسن نے پہلی بار LIRR اور میٹرو نارتھ کے درمیان رابطہ بھی فراہم کیا ہے، جس سے دونوں ریل روڈز کے صارفین کے لیے علاقائی ریل کے سفر کے ایک نئے دور کا آغاز ہوتا ہے۔"

نئے نظام الاوقات کے نفاذ کے ساتھ، بروکلین اور کوئینز میں500 سے زیادہ اضافی اسٹیشن اسٹاپ ہوں گے اور مصروف ترین اوقات کے دوران، پینسلوانیا اسٹیشن یا گرینڈ سینٹرل میں، ہر 3 سے 6 منٹ پر ایک LIRR ٹرین اور تقریباً ہر 12 منٹ پر اٹلانٹک ٹرمینل کی سروس چلائی جائے گی۔ گرینڈ سینٹرل میڈیسن ریاستہائے متحدہ میں 67 سالوں میں کھلنے والا پہلا بڑا نیا ریل ٹرمینل ہے اور جب سے 1910 میں Penn اسٹیشن پر سروس شروع ہوئی تھی، تب سے 112 سالوں میں LIRR کی ہونے والی پہلی توسیع ہے۔

نئے نظام الاوقات فری پورٹ، ہیمپسٹڈ اور ویسٹ ہیمپسٹڈ سے بروکلین کے لیے رش کے اوقات میں سروس فراہم کرتے ہیں۔ MTA تمام سواروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ سفر کرنے سے پہلے نئے نظام الاوقات سے رجوع کریں جو اعلیٰ درجے کی ٹرین ٹائم ایپ کے ذریعے یا mta.info پر کیا جا سکتا ہے، جہاں صارفین pdf نظام الاوقات دیکھ سکتے ہیں۔

**کومبو ٹکٹ**

سروس کے آغاز سے اب LIRR اور میٹرو نارتھ ریل روڈ کے درمیان براہ راست آمدورفت کی ممکنہ صلاحیت پیدا ہو گئی ہے۔ سسٹمز کے درمیان ہموار کنکشن فراہم کرنے کے لیے، MTA نے ایک "کومبو ٹکٹ" متعارف کرایا ہے - جو ایک واحد ٹکٹ ہے جس کے ذریعے صارفین کے لیے ممکن ہوتا ہے کہ وہ لانگ آئی لینڈ، مینہیٹن کے شمالی مضافاتی علاقے اور کنیکٹیکٹ کے درمیان ایک ہی کرائے کے ساتھ سفر کر سکیں۔

کومبو ٹکٹ کے ذریعے مسافروں کے لیے ممکن ہو گا کہ وائٹ پلینز تک کا سفر کرنے کے لیے ہنٹنگٹن میں LIRR کا ٹکٹ یا مونٹاک کا سفر کرنے کے لیے پوکیپسی میں میٹرو نارتھ کا ٹکٹ خرید سکیں۔ مسافر دوسری ریل روڈ پر کسی بھی منزل تک سفر جاری رکھنے کے لیے گرینڈ سینٹرل کو اپنی منزل منتخب کرتے ہوئے اپنے ابتدائی سٹیشن کا انتخاب کرتے ہیں اور معمول کے کرائے کے ساتھ آٹھ ڈالر کا فلیٹ ریٹ ادا کرتے ہیں۔ کومبو ٹکٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں https://new.mta.info/fares/combo-ticket.

**لانگ آئلینڈ ریل روڈ کی حالیہ بہتری پر مزید معلومات**

گرینڈ سینٹرل میڈیسن، ڈبل ٹریک اور مین لائن تھرڈ ٹریک، سسٹم کے اندر 100 پروجیکٹس میں 17.7$ بلین کی بے مثال سرمایہ کاری کا جزو ہے تاکہ لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کو تبدیل کیا جائے اور اسے جدید بنایا جائے جس میں Penn سٹیشن پر LIRR کے مزید کشادہ اجتماعی مقام اور 33 ویں سٹریٹ اور سیونتھ ایوینیو پر ایک نئے داخلی راستے کی تعمیر، 36 سٹیشنوں اور 17 پلوں کی تعمیرِنو اور انہیں بہتر بنانے کا عمل، ایک ہی سطح پر آٹھ ریل روڈ کراسنگز کا خاتمہ، پوزیٹیو ٹرین کنٹرول سیفٹی سسٹم کی فعالیت، 15 الیکٹریکل ذیلی سٹیشنز کی اپ گریڈز، پارکنگ کی گنجائش میں اضافہ اور احاطے میں توسیعات شامل ہیں۔

مزید برآں، 2021 میں مائنیہان ٹرین ہال کے افتتاح کے بعد، MTA امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ، NJ ٹرانزٹ اور Amtrak کے ساتھ مل کر Penn سٹیشن کو عالمی معیار، ایک واحد درجے کے ٹرمینل میں تبدیل کیا جا رہا ہے جس میں بے انتہا قدرتی روشنی، بلند چھتیں، پلیٹ فارمز تک رسائی میں اضافہ، اور راستے کی تلاش کی بہتر سہولت میسر ہو گی۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418



ان سبسکرائب کریں